DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 20-07-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1- بارش متاثرین کی امداد بحالی کی سرگرمیوں کو تیز کیا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2- بلوچستان کو 25 فیصد حصہ رائلٹی سی ایس آر کی مد میں سالانہ ایک ارب ڈالر ملیں گے، وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3- مون سون سیزن مشیر داخلہ کا پی ڈی ایم اے کی تیاریوں پر اظہار اطمینان، وزیر داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4- مسنگ پرسنز میں شامل بیشتر افراد ریاست کے خلاف لڑ رہے ہیں، وزیر داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5- محکمہ صحت بلوچستان بھر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے، احسان شاہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6- پنجگور کے عوام کو مشکل کے وقت تنہا نہیں چھوڑینگے، اسداللہ بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7- بلوچستان کے مزدوروں کی فلاح و بہبود یقینی بنائیں گے، ساجد طوری | جنگ ودیگر اخبارارت |
| 8- وفاقی حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9- صوبائی حکومت اپنے وسائل سے لورالائی کے متاثرین کا ازالہ کرے گی، طور اتمانخیل | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 10- جعلی مذاکرات اور کمیٹیاں بلوچستان کے عوام کے ساتھ دھوکہ ہے، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11- زیارت جعلی مقابلے کے حوالے سے اعلیٰ جوڈیشل کمیشن دیا جائے، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12- تعلیمی اداروں سے طلبا کو ماورائے آئین لاپتہ کیا جارہا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13- صوبے کے ہسپتالوں میں گیسٹرو سے قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، قاری مہر اللہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14- بلوچستان مسئلے کو سیاسی مذاکرات سے حل کیا جائے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15- رحیم زہری پر حملے میں ملوث عناصر کو گرفتار نہ کیا تو احتجاج کیا جائیگا، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16- متاثرین سیلاب کی بحالی کیلئے بلوچستان حکومت وفاق سے اُمید نہ لگائے، نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17- تعلیم یافتہ معتبر شخصیات کی شمولیت نئے جوش کی نوید ہے، رحمت صالح بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17- زیارت میں مارے گئے افراد کی جسٹس عیسیٰ سے انکوائری کرائی جائے، اختر مینگل | انتخاب ودیگر اخبارات |

## امن و امان

زیارت میں مارے گئے کالعدم تنظیم کے 9 کارندوں میں پانچ کی شناخت لاشیں ورثاء کے حوالے، شہزاد بلوچ کو لاپتہ کر کے زیارت میں ہلاکت ظاہر کی گئی، اہل خانہ، سوراب، ڈاکوؤں کی لوٹ مار مالکان اور مسافر نقدی وموبائل فونز سے محروم، اوستہ محمد پولیس کی کاروائیاں، متعدد جرائم میں ملوث ملزمان گرفتار۔

## عوامی مسائل

بارکھان میں ڈاکوؤں کا راج متعدد علاقے نو گو ایریا بن گئے، زہریلی مکھیوں کی بھرمار نے متاثرین سیلاب کی مشکلات بڑھا دیں، بولان قومی شاہراہ کی خستہ حالی ٹرانسپورٹرز کیلئے دردسر بن گئی، ڈیرہ اللہ یار میں قلت آب اور سیلابی صورتحال محکمہ پی ایچ ای کے افسران اور عملہ غائب۔

مورخہ 20-07-2022

## اداریہ

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "بلوچستان میں مسائل، حکومت وسیاسی جماعتوں کی ذمہ داری" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشوں نے تباہی مچا ہی جس سے بہت زیادہ جانی ومالی نقصانات ہوئے جس کے تدارک کیلئے پیشگی اقدامات انتہائی ضروری تھے اور اس کیلئے حکومت کو پہلے سے منصوبہ بندی سمیت متعلقہ محکمے کو الرٹ کر کے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تر وسائل مہیا کرنے چاہئے تھے تاکہ بلوچستان کے غریب عوام کو جانی نقصانات سے بچایا جاسکتا لیکن حسب روایت ہمارے یہاں نقصانات کے بعد ہی اقدامات اُٹھائے جاتے ہیں۔ یہ یقیناً ایک قدرتی آفت ہے مگر پیشگی محکمہ موسمیات کی جانب سے اطلاعات فراہم کی جاتی ہیں کہ بارش کی اسپیل آرہی ہے بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ انہیں مستقبل کا بلوچستان کیسا دیکھنا ہے۔ اُمید ہے کہ سیاسی جماعتیں ان مسائل کو ایڈریس کرتے ہوئے مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرینگے۔

## اداریے

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "ریکوڈک ذخائر: اُمید افزا پیش رفت" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "ریکوڈک آئندہ نسلوں کا مستقبل" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ ڈان کوئٹہ نے "Six sswept away in Panjgur flash flood' کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ ٹریبیون ایکسپریس کراچی نے "Cholera Cases Continue to multiply" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ ڈان ایکسپریس کراچی نے "Death toll from rain floods rises to 75" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Reko Diq Alliance" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Revisiting mining Policy" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

## مضامین

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے "وزیر اعلیٰ بلوچستان بارشوں سے تباہ وبرباد علاقوں کی بحالی کیلئے کوشاں" کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "بلوچستان حالیہ سیلاب اپاک فوج اور ایف سی کی خدمات" کے عنوان سے نسیم الحق کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "نئے دور میں تہزیب کے سنگم پر بلوچستان کی ترقی" کے عنوان سے کامران کے آر کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily:


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 51 بدھ 20 ذوالحجہ 1443ھ 20 جولائی 2022ء نمبر 197


## بارش متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیوں کو تیز کیا جائے، وزیراعلیٰ

### جلد پنجگور کا دورہ کرونگا، صوبائی وزیر اسد بلوچ کی ملاقات، بارشوں سے ہونیوالے نقصانات سے آگاہ کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ نے ملاقات کی جس میں پنجگور میں بارشوں کی صورتحال نقصانات اور امدادی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا کہ پنجگور کی بڑی آبادی بارشوں اور سیلابی پانی سے متاثر ہوئی جانی نقصان کے علاوہ لوگوں کے مکانات، فصلیں اور املاک کو بھی نقصان پہنچا۔ صوبائی وزیر نے پنجگور میں متاثرین کے امداد و بحالی کی سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے ڈی جی پی ڈی ایم اے کو فوری طور پر پنجگور کا دورہ کر کے امدادی سرگرمیوں اور نقصانات کا جائزہ لینے کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ پنجگور میں متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کو وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے مجموعی طور پر 20 بیس لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا اور متاثرین کے نقصانات کا ازالہ اور انکی بحالی کے اقدامات کو یقینی بنایا جائیگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پنجگور سمیت دیگر متاثرہ علاقوں کا جلد دورہ کرینگے۔


کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

جلد 51 بدھ 20 ذوالحجہ 1443ھ 20 جولائی 2022ء صفحات 12 شمارہ 36

رجسٹرڈ BC-m-1 ایکسچینج نمبر 2829164 2821538-2821626 فیکس 2835934 2830228 قیمت 20 روپے


## وزیراعلیٰ سے اسد بلوچ کی ملاقات جگور میں بارشوں کی صورتحال پر گفتگو

### پی ڈی ایم اور ضلعی انتظامیہ پنجگور میں متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لائے، عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی زراعت میر اسد بلوچ نے ملاقات کی جسمیں پنجگور میں بارشوں کی صورتحال نقصانات او......

بقیہ نمبر 11 صفحہ 9 پر

ر امدادی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا کہ پنجگور کی بڑی آبادی بارشوں اور سیلابی پانی سے متاثر ہوئی ہے بارشوں سے جانی نقصان کے علاوہ لوگوں کے مکانات فصلات اور املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے صوبائی وزیر نے پنجگور میں متاثرین کے امداد و بحالی کی سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا وزیراعلیٰ کی جانب سے ڈی جی پی ڈی ایم کو فوری طور پر پنجگور کا دورہ کر کے امدادی سرگرمیوں اور نقصانات کا جائیزہ لینے کی ہدایت کی گئی انہوں نے پی ڈی ایم اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ پنجگور میں متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جاںبحق افراد کے لواحقین کو وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے مجموعی طور پر 20 بیس لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا اور متاثرین کے نقصانات کا ازالہ اور انکی بحالی کے اقدامات کو یقینی بنایا جائیگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پنجگور سمیت دیگر متاثرہ علاقوں کا جلد دورہ کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 4


## بلوچستان کے مزدوروں کی فلاح وبہبود یقینی بنائیں گے، ساجد طوری

**کان کنوں اور محنت کشوں کے مسائل کا ادراک ہے، وفاقی وزیر کی گہرام بگٹی سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل ساجد حسین طوری سے صوبائی مشیر لیبر و مین پاور نوابزادہ گہرام بگٹی نے ملاقات کی اس موقع پر سیکرٹری ویلفیئر بورڈ بلوچستان و دیگر بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کے کان کنوں و صنعتی مزدوروں کے مسائل سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال، کان کنوں اور مزدوروں کی فلاح وبہبود کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا گیا کہ وفاقی اور صوبائی وزارتیں مل بیٹھ کر کان کنوں اور مزدوروں کے تمام مسائل حل کریں گی وفاقی وزیر ساجد طوری نے کہا کہ بلوچستان کے مزدوروں، کان کنوں اور دیہاڑی دار طبقے کے مسائل کا ادراک ہے مزدور کی فلاح وبہبود کے لئے ہر ممکن کوشش کرینگے مزدوروں کی صحت، بچوں کی تعلیم اور دیگر ضروریات کے لیے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں نوابزادہ گہرام بگٹی نے کہا کہ مکمل تعاون کی یقین دہانی پر وفاقی وزیر ساجد طوری کے مشکور ہیں، محنت کشوں کی فلاح وبہبود کے لیے ہمیشہ کوشاں ہیں وفاقی وزیر ساجد طوری نوابزادہ گہرام بگٹی کی دعوت پر جلد بلوچستان کا دورہ کرینگے۔


MASHRIQ QUETTA


ضمنی الیکشن سے فرق نہیں پڑتا

## وفاقی حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، مولانا عبدالواسع

**ماضی کے حکمرانوں نے ملک کو تباہی سے دوچار کردیا آج ملک کے معاشی حالات خراب ہے ڈالر مہنگا ہونا بھی سابقہ حکومت کی نااہلی ہے، وفاقی وزیر**

**جلد انتخابات کا ضمنی الیکشن سے کوئی تعلق نہیں ہوتا یہ 20 سیٹیں پی ٹی آئی کی تھیں انہوں نے 15 سیٹیں حاصل کیں یہ پنجاب حکومت کا فیصلہ کرے گی**

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اپنی آئینی مدت پورے کرے گی پنجاب کے الیکشن سے وفاقی حکومت کا کوئی سروکار نہیں ہے جمعیت علماء اسلام وفاقی حکومت کا اتحادی ہے اور اتحادی ہونے کے ناطے ہر فیصلے کو تسلیم کرینگے ماضی کے حکمرانوں نے ملک کو تباہی سے دوچار کردیا جس کے باعث........ بقیہ نمبر 41 صفحہ 10 پر

آج ملک کے معاشی حالات خراب ہے ڈالر مہنگا ہونا بھی سابقہ حکومت کی نااہلی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام کے سینئر اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا' انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا شروع سے ہی مطالبہ رہا کہ وفاقی حکومت اپنی مدت پوری کرے کیونکہ جب تک حکومت اپنی مدت پوری نہیں کرتی اس وقت ملک کے حالات ٹھیک نہیں ہوسکتے جب تک کوئی جمہوری حکومت اپنی مدت پوری نہیں کرے گی اس وقت تک ملک کے معاشی حالات بھی ٹھیک نہیں ہوسکتے اس لئے پی ڈی ایم نے نااہل اور سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ کیا کیونکہ عمران نیازی کے دور حکومت میں ملک کے حالات خراب ہو گئے تھے سری لنکا جیسے حالات پیدا ہو گئے تھے مگر ہم نے مشکل حالات میں سخت فیصلے کرکے حالات کی بہتری کیلئے اقدام اٹھایا اور اب ملک کے معاشی بہتر ہونے لگا ہے جس کی وجہ سے عمران نیازی ایک بار پھر دوسروں کے اشاروں پر ملک کے معاشی حالات کو خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں ہم ملک کی ترقی وخوشحالی چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ جلد انتخابات کا ضمنی الیکشن سے کوئی تعلق نہیں ہوتا یہ 20 سیٹیں پی ٹی آئی کی تھی جس میں انہوں نے 15 سیٹیں حاصل کی ہے ضمنی انتخابات پنجاب حکومت کا فیصلہ کرے گی اس کا وفاقی حکومت سے کوئی تعلق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن پر عمران نیازی کا اعتراض سمجھ سے بالاتر ہے الیکشن کمیشن نے جمہوری اقدار کا خیال رکھا اور انہوں نے صاف وشفاف انتخابات کرکے یہ ثابت کردیا کہ موجودہ حکومت الیکشن کمیشن کے معاملات میں مداخلت نہیں کرے گی


INTEKHAB QUETTA


## صوبائی حکومت اپنے وسائل سے لورالائی کے متاثرین کا ازالہ کرے گی، طور اتمانخیل

**وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعظم سے پچاس ارب روپے کا مطالبہ ہے، صوبائی وزیر صنعت وحرفت**

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت لورالائی سمیت پورے صوبے میں شدید بارشوں سے ہونے والے جانی اور مالی نقصانات کی تلافی اپنے ریسورسیز میں رہتے ہوئے کرےگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعظم سے پچاس ارب بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

روپے دینے کا مطالبہ کیا ہے یہ رقم بھی کم پڑسکتی ہے نقصانات کہیں اس سے زیادہ ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو مشکل حالات میں کسی صورت بے یارو مددگار نہیں چھوڑیگی ہم انکے غم میں برابر کے شریک اور شانہ بشانہ ہونگے وفاقی حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں جس کمی کا اعلان کیا اس سے فی الوقت عوام کو تو ذرا ابھی ریلیف ملا لیکن تیل کی قیمتوں میں مزید کمی ہونی چاہیے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 5

## مین نالے کی صفائی کا کام ہنگامی بنیادوں پر جاری ہے، ضلعی انتظامیہ سبی

### پانی کا گھروں میں داخل ہونے کی بنیادی وجوہات بڑے نالے میں کیچڑ جمع ہونے کے ساتھ تجاوزات ہیں

### میونسپل کمیٹی عملہ صفائی کے عمل کو جلد از جلد مکمل کریں اور نالیوں سے نکالے گئے کچرے کو ٹھکانے لگائے

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن بالاچ عزیز اور ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے مین نالے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جاری کام کا معائنہ کیا، اسسٹنٹ کمشنر سبی مس شاہ ماہ جبین عمرانی کی نگرانی میں مین نالے کی صفائی کا کام ہنگامی بنیادوں پر جاری ہے کمشنر سبی ڈویژن بالاچ عزیز اور ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے کہا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں بارشوں کا پانی گھروں میں داخل ہونے کی بنیادی وجوہات بڑے نالے میں کیچڑ جمع ہونے کے ساتھ ساتھ غیر قانونی تجاوزات بھی ہیں جنہیں فوری طور پر ہٹانے کے لئے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت جاری کردی گئی ہیں

(بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 5 پر)

انہوں نے لوگوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھروں اور دکانوں کا کچرہ نالیوں میں پھینکنے سے گریز کریں انہوں نے میونسپل کمیٹی کے عملے کو سختی سے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ وہ صفائی کے عمل کو جلد از جلد مکمل کریں اور نالیوں سے نکالے گئے کچرے کو ٹھکانے لگائے تاکہ شہریوں کو آنے جانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو دریں اثناء ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے تلی کا بھی دورہ کیا ان کے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر وحید شریف عمرانی اور اسسٹنٹ کمشنر سبی مس شاہ ماہ جبین عمرانی بھی موجود تھیں انہوں نے مون سون بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے تحصیلدار بی اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ وہ ٹریکٹروں کے ذریعے پانی کا رخ موڑ لیں تاکہ پانی گھروں کے اندر داخل نہ ہوسکے۔

## بارشوں کی نئی لہر کیلئے مکمل تیاری کر رکھی ہے، کمشنر لورالائی

### تمام ڈپٹی کمشنرز اور ان کی متعلقہ سٹاف کو لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے الرٹ کردیا گیا ہے

### حکومت کے ساتھ رابطے میں ہیں اور وہ بھی آفت زدہ لوگوں کی ہر قسم کا تعاون کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن شاہد اللہ خان نے کہا ہے کہ بارشوں کی نئی لہر کے لئے مکمل تیاری کر رکھی ہے ندی نالوں سے قبضے ختم کیے گئے ہیں صوبائی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہیں اور وہ بھی آفت زدہ لوگوں کی ہر قسم کا تعاون کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں تمام ڈپٹی کمشنرز اور ان کی متعلقہ سٹاف کو لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے الرٹ کردیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اپنے دفتر میں بارشوں میں نقصانات بارے ملاقات کرنے والوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی، اسسٹنٹ کمشنر

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 5 پر)

ریونیو عبدالوہاب ناصر اور دیگر بھی موجود تھے کمشنر لورالائی ڈویژن نے کہا کہ جن لوگوں کا جانی یا مالی نقصان ہوا ہے ان کے لئے کمیٹیاں بنائی گئی ہیں تاکہ نقصانات کا اندازہ لگا کر ان کا ازالہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں سے علاقے میں پانی کی سطح اوپر آگئی ہے ڈیموں میں پانی جمع ہوگئی ہے جس سے زمینداروں اور مالداروں کو زیادہ فائدہ ہوگا اور عارضی اور وقتی نقصانات کے بعد پانی کی سطح اوپر آنے سے مستقل فائدہ بھی ہوگا اور علاقہ ایک بار پھر سرسبز اور خوشحال ہوگا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی نے بارشوں کے دوران کئے گئے اقدامات امدادی سامان کی تقسیم، انکروچمنٹ، ریسکیو اور دیگر اقدامات کے حوالے سے تفصیلاً آگاہ کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## حب، سیلابی ریلے میں پھنسے شخص کو ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے ریسکیو کرلیا

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ افتخار بگٹی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے ریسکیو پر مامور عملے نے ایدھی بحری ٹیم کی نگرانی میں حب ندی سے ملحقہ علاقہ صالح غلام ......

بقیہ نمبر 17 صفحہ 10 پر

وین بیچ گوٹھ کے سیلابی ریلے میں پھنسے ہوئے ایک شخص کو ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے ریسکیو کرلیا گیا ہے۔

Zamana Quetta

## ندی نالوں کے قریب کچی بستیوں کے مکین محفوظ مقامات پر ہجرت کریں، صوبائی حکومت

### کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں مون سون بارشوں کا دوسرا سیزن شروع

### بعض علاقوں میں طوفانی بارشوں آنے کی وجہ سے طغیانی اور ندی نالوں میں پانی بھی آچکے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں مون سون بارشوں کا ایک اور سلسلہ شروع ہوگیا اور بعض علاقوں میں طوفانی بارش اور ندی نالوں سے نقصانات کی اطلاعات موصول حکومت بلوچستان نے تمام کمشنرز اور ڈی سیز کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ مون سون بارشوں کا دوسرا سیزن شروع ہوچکا ہے جس سے متعلقہ ایریاز میں طغیانی آنے کا خدشہ ہے عوام پکنک پوائنٹ پر جانے سے گریز کریں بلکہ ندی نالوں کے قریب اور کچے بستیوں میں آباد افراد کچھ دن کیلئے دیگر علاقوں میں ہجرت کریں تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہیں ہوسکے واضح رہے کہ بلوچستان کی اکثر علاقوں میں ایک بار پھر مون سون کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے اور منگل کے روز کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ شروع ہوچکا ہے اسی طرح بعض علاقوں میں طوفانی بارشوں آنے کی وجہ سے طغیانی اور ندی نالوں میں پانی بھی آچکے ہیں اور نقصانات کی اطلاعات بھی موصول رہی ہے حکومت بلوچستان اور خاص کر پی ڈی ایم اے نے تمام کمشنرز اور ڈی سیز کو مراسلہ جاری کردیا اور ان کو ہدایت کی ہے کہ ایسے لوگوں کو منع کریں جو پکنک پوائنٹ یا ندی نالوں کے قریب میدانوں آبادیوں میں جاری ہے کیونکہ مون سون کے نئے سیزن میں طوفانی بارشوں اور ندی نالے آنے کا خدشہ ہے۔

## بلوچستان مسئلے کو سیاسی مذاکرات سے حل کیا جائے، نیشنل پارٹی

### جعلی مقابلوں کے ذریعے قتل و غارت گری بند اور لاپتہ افراد کو بازیاب کیا جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ جعلی مقابلوں کے ذریعے لاپتہ افراد کی مسخ شدہ لاشیں گرانے سے انسانی حقوق اور بین الاقوامی قواعد و ضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہو رہی ہے، گزشتہ دنوں دس افراد کی لاشیں گرا کر یہ ظاہر کیا گیا کہ مبینہ طور پر ان کو فورسز کے ساتھ مقابلہ میں مارا گیا جبکہ ان میں سے پانچ افراد کی شناخت ہو گئی ہے جنہیں مختلف اوقات میں مختلف علاقوں سے سالوں قبل لاپتہ کیا گیا جن کی اکثریت تعلیم یافتہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ بیان میں موقف اختیار کیا گیا کہ بین الاقوامی اصولوں اور ضابطوں کا تقاضا ہے کہ جنگی قیدیوں سے بھی متعین کردہ اصولوں سے نمٹا جاتا ہے، جبری طور پر لاپتہ افراد اس ملک کے شہری ہیں اور انسانی حقوق کے ضابطوں کی پاسداری کرتے ہوئے انہیں عدالتوں کے سامنے پیش کیا جائے، جعلی مقابلوں کے ذریعے قتل و غارت گری بند کی جائے، تمام لاپتہ افراد کو بازیاب کیا جائے اور بلوچستان کے مسئلے کو طاقت کی بجائے سیاسی مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ نیشنل پارٹی نے وزیراعظم سے مطالبہ کیا ہے کہ زیارت واقعہ کے بعد جعلی مقابلہ میں مارے گئے افراد کے واقعہ کے لئے تحقیقات کیلئے کمیشن بنایا جائے۔

## رحیم زہری پر حملے میں ملوث عناصر کو گرفتار نہ کیا تو احتجاج کیا جائیگا، جمعیت

### قاتلانہ حملہ سازش، صبر سے کام لے رہے ہیں، ایدھی چوک پر جلسے میں آئندہ کا لائحہ عمل کا اعلان کرینگے

زہری میں بدامنی روز کا معمول بن گیا، اپنے کارکنوں کی حفاظت کرنا جانتے ہیں، مولانا قمر الدین، سینیٹر مولانا فیض محمد

خضدار (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سرپرست اعلیٰ و ضلعی امیر مولانا قمر الدین، صوبائی سرپرست و سینیٹر مولانا فیض محمد، رکن اسمبلی میر یونس عزیز زہری، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عنایت اللہ رودینی، تحصیل امیر مولانا محمد اسحاق شاہوانی اور وڈیرہ غلام سرور موسیانی، مولانا بشیر احمد عثمانی نے کہا ہے کہ جمعیت تحصیل زہری کے امیر میجر محمد رحیم زہری پر قاتلانہ حملہ سازش کا حصہ ہے، جمعیت ایسی سازشوں سے مرعوب نہیں ہو گی، قاتلانہ حملے میں ملوث عناصر کو آج شام تک گرفتار نہیں کیا گیا تو کل احتجاجی جلوس نکال کر ایدھی چوک پر جلسہ کیا جائے گا۔ جلسے میں آئندہ کا لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خضدار پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب میں کیا، اس موقع پر جمعیت اور جمعیت طلباء اسلام خضدار، زہری، کرخ، نال، وڈھ کے کارکن موجود تھے۔ جمعیت کے رہنماؤں کا کہنا کہ با زہری کے حالات دن بہ دن خراب ہوتے جا رہے ہیں قتل، اغواء، چوری ڈکیتی معمول بن گیا، تحصیل زہری کے حالات کے متعلق کمشنر قلات ڈویژن و ضلعی انتظامیہ کو پہلے ہی جمعیت علماء اسلام آگاہ کر چکی تھی مگر افسوس آج تک تحصیل زہری میں امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لئے انتظامی سطح پر کوئی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا ہے اور نتیجہ یہ نکلا ہے کہ پرامن شہری روز نشانہ بنتے جا رہے ہیں اور معاملات اس نہج کو پہنچ چکے ہیں کہ اہلیان زہری خوف کے ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جمعیت کے مرکزی قائدین کا کہنا تھا کہ ہم اس قاتلانہ حملے کو صرف میجر محمد رحیم زہری تک نہیں سمجھتے بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ پوری جماعت اور اہل علاقے پر حملہ ہے اور یہ حملہ بدامنی کو مزید ایندھن فراہم کرے گا، انہوں نے کہا کہ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ جمعیت علماء اسلام ایک مذہبی جمہوری اور پرامن سیاسی جماعت ہے مگر اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ جمعیت علماء اسلام اپنے کارکنوں کی حفاظت کرنا نہیں جانتی، ہم صبر سے کام لے رہے ہیں، جلسہ میں آئندہ کے لائحہ عمل میں قومی شاہراہ کو غیر معینہ مدت تک بلاک کرنا، شٹر ڈاؤن اور دیگر ذرائع شامل ہیں۔ قائدین جمعیت نے کہا کہ میجر محمد رحیم پرامن اور تمام طبقات کیلئے خیر خواہ کے طور جانا اور پہچانا جاتا ہے ایسے شخص پر حملہ کر کے ہمیں یا علاقے کو کیا پیغام دیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم اپنے ایک ایک کارکن کی حفاظت کرنا جانتے اور کسی بھی سازش کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## متاثرین سیلاب کی بحالی کیلئے بلوچستان حکومت وفاق سے امید نہ لگائے، نوشیروانی

### وزیراعلیٰ ارکان اسمبلی کو دیئے گئے فنڈز میں 20 فیصد کٹ لگا کر اسے امداد و بحالی کے کاموں میں استعمال کریں

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر کریم نوشیروانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں بارشوں سے شدید جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں اور اب تک 182 افراد لقمہ اجل بن چکے اور ہزاروں گھر تباہ ہیں۔ صوبائی حکومت کے پاس اتنے وسائل نہیں کہ متاثرین کی دادرسی کر سکے اور نہ ہی اسے وفاق سے کوئی امید لگانی چاہیے کیونکہ وفاقی حکومت کو پی ٹی آئی نے گھیر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان میں تنہا جنگ لڑ رہے ہیں۔ بلوچستان حکومت کے پاس اتنے مالی وسائل نہیں کہ بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نکل سکے۔ متاثرین کیلئے مالی وسائل پیدا کرنے کی غرض سے وزیراعلیٰ کو چاہیے کہ وہ ارکان اسمبلی کو دیئے گئے فنڈ میں کابینہ کی منظوری سے 20 فیصد کٹ لگائیں اور اس رقم سے امداد و بحالی کے کام کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اس وقت پی ٹی آئی کے نرغے میں ہے اور شہباز شریف کیلئے اس کے چنگل سے نکلنا مشکل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں سیاست تجارت بن گئی ہے لیکن وزیراعلیٰ میر قدوس بزنجو تمام اسمبلی ارکان کو جمہوری انداز میں آگے لیکر چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے پیدا صورتحال سے نبرد آزما ہونا ان کے لیے مشکل ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ وزیراعلیٰ ارکان اسمبلی کو دیئے گئے فنڈز میں 20 فیصد کٹ لگائیں اور یہ رقم بارش اور سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد و بحالی کے کاموں پر خرچ کی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 8


## تعلیم یافتہ معتبر شخصیات کی شمولیت نئے جوش کی نوید ہے، رحمت صالح بلوچ

### راتوں رات پارٹیاں مسلط کرنے سے نوجوان مایوس ہیں، پنجگور میں شمولیتی اجتماع سے خطاب

پنجگور (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر سابق صوبائی وزیر رحمت صالح بلوچ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری پھلین بلوچ سید رحمدل بائیان ریاض احمد بلوچ واجہ صدیق بلوچ رحیم جان بلوچ نے کہا ہے کہ تعلیم یافتہ سیاسی کارکنوں اور معتبر شخصیات کی نیشنل پارٹی میں شمولیت سیاست میں ایک نئے جوش اور ولولے کی نوید ہے پارٹی عوام اور سیاسی کارکنوں کو بھی مایوس نہیں کرے گی ہمیشہ بلوچ قومی سوچ کی آبیاری کی ہے پارٹی کا وژن ایک تعلیم یافتہ اور خوشحال بلوچستان ہے بدقسمتی سے وسائل سے مالا مال صوبے کو ہمیشہ نظرانداز کرکے ایک کالونی کی حیثیت دی گئی بلوچستان میں آج سقوط ڈھاکہ جیسی حیثیت سے دیکھا جارہا ہے بے جاہ مداخلت اور راتوں رات پارٹیاں بناکر عوام پر مسلط کرنے سے عوام خصوصاً نوجوانوں میں مایوسی بڑھ رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوردو میں شمولیتی اجتماع سے خطاب میں کیا تقریب میں سابق ایلکشین حاجی محمد نعیم بلوچ ریاض احمد بلوچ کی قیادت میں شفقت ریاض امجد علی اسداللہ بلوچ ماجد نذیر نے حکمران اتحادی بلوچ قوم پرست جماعت، رحیم جان بلوچ ظریف احمد محمد حنیف صابر علی کی سربراہی جبکہ محمد اسلام کی قیادت میں میں فہد یوسف فیصل یوسف طارق یوسف امان اللہ نے مذہبی جماعت، خورشید احمد کی سربراہی میں محمد یوسف مختیار احمد اور عباس بلوچ نے بلوچ قوم پرست حکمران اتحادی جماعت سے مستعفی ہوکر اپنے سیکڑوں ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ صوبائی صدر رحمت صالح بلوچ کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کردیا اس موقع پر حاجی محمد اسلام بلوچ علاؤالدین ایڈووکیٹ، ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ، صدیق بلوچ حاجی محمد اکبر بلوچ حاجی محمد ایوب دھواری نیشنل پارٹی خلیج کے رہنماء کامریڈ اسماعیل بلوچ، فرہاد شعیب بلوچ سید رحمدل بائیان بلوچ، تاج بلوچ چیئرمین عبدالمالک بلوچ عدنان سعید بگی جاوید بگول سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھے مقررین نے کہا کہ این پی مثبت سوچ کے فروغ عدم تشدد اور پرامن سیاسی جدوجہد کی داعی ہے بلوچستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا ناانصافیوں اور زیادتیوں کو ترک کرنا ہوگا پنجگور میں سات ماہ سے بے گناہ نوجوانوں کا قتل عام جاری ہے جو افسوسناک ہے ستم ظریفی یہ ہے کہ حکومت میں شامل لوگ پنجگور میں قیام امن، عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کی بجائے ٹھیکہ اور نوکریاں فروخت کررہے ہیں۔

---


MASHRIQ QUETTA


## سید ولی جان آغا کی شہادت کی مذمت

## کلی کربلا میں سنگین جرائم میں مطلوب افراد کو گرفتار نہ کرنا بڑا جرم ہے، پشتونخوامیپ

جرائم پیشہ عناصر مختلف دہشتگردانہ واقعات میں سرکار کو مطلوب ہیں درجنوں ایف آئی آرز کے باوجود گرفتار نہیں کیا گیا

ان عناصر نے حملہ کرکر کے پارٹی رہنماء سید ولی جان آغا کو شہید کیا کئی گھنٹوں فائرنگ جاری رہی انتظامیہ نے کچھ نہیں کیا

### ائرپورٹ روڈ پر نصیب اللہ اچکزئی کے شوروم پر فائرنگ کی مذمت، واقعہ میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پارٹی رہنماء سابق نائب ناظم ضلع پشین سید ولی جان آغا پر دہشتگردانہ حملے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ گزشتہ کئی سالوں سے جرائم پیشہ عناصر جو کہ مختلف دہشتگردانہ واقعات میں سرکار کو مطلوب رہے ہیں ان پر درجنوں ایف آئی آرز موجود ہیں اور انھوں نے کلی کربلا میں اپنا........


بقیہ نمبر 31 صفحہ 10 پر


ایک محفوظ ٹھکانہ بنا کر رکھا ہے حکومت اور ضلعی انتظامیہ نے ان عناصر کو کبھی بھی گرفتار کرنے کی کوشش نہیں کی جبکہ سنگین جرائم میں مطلوب افراد کو گرفتار نہ کرنا خود ایک بڑا جرم ہے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آج ان عناصر نے پھر ایک دہشتگردی پر مبنی حملہ کیا جس کے نتیجے میں پارٹی رہنماء سید ولی جان آغا شہید ہوئے ۔ اس واقعہ میں گھنٹوں فائرنگ جاری رہی ہے جس کے بارے میں ضلعی انتظامیہ کو اطلاع بھی دی گئی تھی اور اس کے باوجود موقع پر بروقت نہ پہنچنے کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کو فرار ہونے کا مکمل موقع فراہم کرنا تھا اور وہ باآسانی واردات کے بعد فرار ہوگئے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تمام صوبے میں بدامنی کے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور صوبائی حکومت ان دہشتگردانہ اور بدامنی پر مبنی واقعات کا کوئی نوٹس نہیں لے رہی نہ ہی کسی ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لایا گیا اور سزا دی گئی جس کے باعث عوام کے سرومال کی تحفظ اور امن کا قیام ناممکن بنا ہے اور عوام میں خوف و ہراس میں پھیلا ہوا ہے ۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے مذکورہ واقعہ سمیت ہر قسم کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتمیز کریک ڈاؤن کیا جائے ان کے پناہ گاہوں اور کمین گاہوں کا خاتمہ کرتے ہوئے انھیں گرفتار کرکے سزا دی جائے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوامیپ سید ولی جان آغا کے غم میں ان کے لواحقین اور خاندان کے ساتھ اس غم میں برابری شریک ہیں اور ان کی شہادت کو پارٹی کیلئے نقصان دہ سمجھتی ہے اور ان کی مغفرت کیلئے دعا کرتی ہے ۔ پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ جرائم میں مطلوب افراد کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے

علاوہ ازیں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں ایئرپورٹ روڈ پر قائم ٹیوٹا کمپنی کے شوروم پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ شوروم مالک نصیب اللہ اچکزئی جو کہ ایک کاروباری شخصیت ہیں اور ملک کے اندر اور بیرون ملک انٹرنیشنل کمپنیوں کے ساتھ کاروبار کرتے چلے آرہے ہیں، سماج دشمن عناصر کی فائرنگ سے بین الاقوامی کمپنیوں کا صوبے اور ملک میں حکومتوں پر اعتماد اٹھ چکا ہے صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے، ان کے Save City Project کے کیمرے ایئرپورٹ روڈ پر نصب ہیں جن سے باآسانی یہ معلوم کیا جاسکتا ہے جرائم پیشہ عناصر کون تھے اور کس طرح تھے سے انہوں نے حملہ کیا تھا اور ان سماج دشمن عناصر کی وجہ سے ملکی اور صوبائی تجارتی ساکھ کو سخت دھچکا لگا ہے جس کی تدارک صوبائی حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے ۔ پارٹی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ واقعہ میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام ہوسکے اور صوبے کی تجارتی ساکھ بحال ہوسکے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 10


## پنجگور سیلابی ریلے میں 4 افراد بہہ گئے، دو بچیاں غائب

**کوئٹہ میں ایک ہلاک**
**حب ندی کا پل خطرے میں**

اغبرگ میں سیلابی پانی گھروں میں داخل، سوردو مری آباد میں بند ٹوٹ گیا، 2 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں، ہوشاب اور تربت میں بجلی منقطع

**عوام ندی نالوں پر جائیں نہ غیر ضروری سفر کریں، ڈپٹی کمشنر، حب ندی میں سیلابی ریلہ، رات گئے تک ٹریفک معطل رہی**

کوئٹہ+پنجگور+لسبیلہ (اسٹاف رپورٹر نامہ نگار+ این این آئی) کوئٹہ اور نواحی علاقوں میں موسلا دھار بارش اور سیلابی ریلوں نے ایک بار پھر تباہی مچادی ایک شخص جاں بحق کئی کچے مکانات کو نقصان پہنچا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو کوئٹہ اور گردونواح میں موسلا دھار بارش ہوئی سہ پہر کو شروع ہونے والی بارش وقفے وقفے کے ساتھ رات گئے تک جاری رہی۔ کوئٹہ کے نواحی علاقوں اغبرگ، کچلاک سریاب میں زبردست اور تیز بارش ہوئی جس سے کئی کچے مکانات منہدم ہوگئے۔ اغبرگ میں بارش کا سیلابی پانی گھروں میں داخل ہوا جس سے گھروں کو نقصان پہنچا اور ایک شخص عبداللہ جاں بحق ہوگیا۔ علاقے میں سیلابی صورتحال کی اطلاع ملتے ہی پی ٹی آئی کے رہنما ملک عادل خان بازئی اپنی ٹیم اور ساتھیوں کے ہمراہ اغبرگ پہنچے اور خود علاقے کے لوگوں کے ہمراہ ریسکیو کاروائیوں میں حصہ لیا اور لوگوں کو محفوظ مقامات تک پہنچایا۔ پنجگور میں ایک بار پھر شدید اور طوفانی بارش نے تباہی مچادی، سوردو مری آباد میں بند ٹوٹنے سے سیلابی پانی گھروں میں داخل ہوگیا جس کے باعث چار افراد بہہ گئے، دو افراد نواب خان مری اور انکی نواسی کی لاشیں نکال لی گئی، دو بچیاں تاحال غائب ہیں، شہر کی سڑکیں گلیاں شاہراہیں اور بازار سیلاب کا منظر پیش کرنے لگے۔ سیکڑوں کچے مکانات اور دیواریں منہدم ہوگئیں۔ نشیبی علاقے زیر آب آگئے سیلابی پانی گھروں داخل ہوگیا جس سے تسپ سوردو سر یکوران ڈھب کوہ بن میں درجنوں گھر زمین بوس ہوگئے اور لوگ کھلے آسمان تلے بے یارومددگار زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوا ہیں۔ مری آباد میں سیلابی پانی سے [illegible] شدید بارش اور سیلابی ریلے میں بہہ جانے سے 4 افراد دو بچے اور تاحال غائب ہیں، پنجگور انگور انار پیاز کپاس اور دیگر کھڑی فصلیں متاثر ہوئی ہیں، پنجگور میں بارش کی تباہی کے باوجود امدادی کام کے فقدان اور ریلیف نہ ملنے پر غریب عوام شدید پریشانی سے دوچار ہوگئے ہیں، بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا، مختلف علاقوں ہوشاب اور تربت کے درمیان بجلی کے مین ٹاور گرنے سے بجلی منقطع ہوگئی۔ پنجگور کے مرکزی بازار میں بارش کا پانی جمع ہونے سے بازار جھیل کا منظر پیش کررہا ہے، شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی اے سی امجد حسین سومرو اور ایس پی نے کا متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا، متاثرین کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں خیمہ بستی قائم کردی گئی، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اب تک سیلاب میں 6 افراد کے بہہ جانے کی اطلاعات ہیں جن میں دو افراد کی لاشوں کو پانی سے نکال لیا گیا۔ مزید چار افراد کی تلاش جاری ہے۔ دریں اثنا سوردو مری آباد میں ایک گھر کے چار افراد سیلابی ریلے میں بہہ گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام سے کہا کہ وہ ندی نالوں پر جانے سے گریز اور غیر ضروری سفر بھی نہ کریں۔ این این آئی کے مطابق سندھ بلوچستان کو ملانے والے حب ندی کا پل خطرے میں پڑ گیا، این ایچ اے نے ٹریفک روک دی، حب ڈیم کے سیلابی ریلے کی وجہ سے حب پل پر ٹریفک روک دی گئی، ڈائریکٹر مینٹننس این ایچ اے ساؤتھ بلوچستان کا موقف ہے کہ منگل کو حالیہ مون سون بارشوں کے بعد حب ڈیم بھر جانے کے بعد اسپل وے سے حب ندی میں اوور فلو کرنے سے حب ندی میں اونچے درجے کا سیلابی ریلہ گزر رہا ہے، سیلابی ریلے کی وجہ سے سندھ بلوچستان کو ملانے والے حب ندی پل پر نیشنل ہائی ویز اتھارٹی کی جانب سے ٹریفک روک دی گئی، رات گئے تک ٹریفک معطل رہی۔ دوسری جانب حب کے شہریوں نے کہا کہ حب پل کے پلرز ایک سال قبل بھی اسی طرح تھے، جب میڈیا پر اسکی نشاندہی کی گئی تو اسلام آباد سے این ایچ اے کی ٹیم آئی حب پل کا معائنہ کیا اور پل کو مضبوط قرار دیدیا تو اب اچانک پل پر ٹریفک کیوں روکی گئی ہے۔ شہریوں نے وفاقی حکومت سے حب پل کی مرمت کی اپیل کی ہے۔

## لورالائی: پانی میں ڈوبنے سے دو نوجوان لڑکیاں ہلاک، ایک بچی کو بچالیا گیا

**بچی کو بچانے کیلئے اس کی دو چچازاد بہنوں نے پانی میں چھلانگ لگائی، بچی کو بچالیا، خود زندگی ہار گئیں**

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی کے علاقے لوڑالی شاہ کاریز خدرزئی میں گہرے گڑھے میں جمع پانی میں گری 7 سالہ بچی کی جان بچانے کیلئے چچازاد بہنوں دختر شیخ خیال محمد اور دختر حاجی شیخ پیر محمد نے پانی میں چھلانگ لگائی۔ جس کے نتیجے میں دونوں 17 اور 18 سالہ کزن پانی میں ڈوب کر ہلاک ہو گئیں البتہ انہوں نے بچی کو بچا لیا۔ لاشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچایا گیا۔ جہاں قانونی کاروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں۔


AZADI QUETTA


## ڈیرہ بگٹی: مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق، سوئی پولیس کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

**زمینی تنازعہ پر تصادم میں تین افراد مارے گئے، بجلی کا کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق ہوا**

**سوئی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ورثاء نے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے احتجاجی دھرنا دیا**

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل پھیلاوغ میں مسوری قبیلے کے ذیلی شاخ نوحکانی کے آپس میں زمینی تنازعے پر لڑائی کی وجہ سے 3 افراد مارے گئے اور ضلع ڈیرہ بگٹی شہر میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک نوجوان جاں بحق ہوا جبکہ گزشتہ رات سوئی شہر میں ایک شخص کو گولی مار کر قتل کردیا گیا اس کے ساتھ ہی گزشتہ رات (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 7 پر)

ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم افراد نے سابق اسسٹنٹ کمشنر جنگل بگٹی کے بھائی شیرباز نامی شخص کے گاڑی آگ لگا کر جلا دیا۔ سوئی میں جاں بحق ہونے والے کے ورثاء نے اللہ والی چوک سوئی میں پولیس کے خلاف کچھ دیر دھرنا دیا ان کا مطالبہ تھا کہ قاتلوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرکے انہیں ایف آئی آر کی کاپی فراہم کی جائے۔ ڈیرہ بگٹی میں حالیہ بڑھتے ہوئے جرائم کے واقعات کی وجہ شہریوں میں خوف ہراس پایا جاتا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے شہر میں جگہ جگہ پولیس کے چوکیوں اور پولیس کی موجودگی باوجود اس طرح کے واقعات ہونا باعث تشویش ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 11


# بارکھان میں ڈاکوؤں کا راج متعدد علاقے نوگو ایریا بن گئے

بغاو وگہ تک سے عیشانی موڑ تک چھوٹی و بڑی گاڑیوں کو دن دیہاڑے لوٹنا معمول بن چکا ہے جس کے سبب عوام خوف و ہراس کا شکار جبکہ لیویز اور پولیس خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

**کہ عرصہ دراز سے قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی موجودگی میں جرائم پیشہ افراد پر قابو نہ پانے سے عوام میں شک و شکوک پیدا ہورہے ہیں ،قیام امن پر توجہ دی جائے ،بی این پی کا مطالبہ**

بارکھان (نمائندہ خصوصی) بی این پی بارکھان کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ بارکھان میں ڈاکوؤں کا راج ہے متعدد علاقے نوگو ایریا میں تبدیل ہوگئے جس کے سبب عوام خوف و ہراس کا شکار ہیں، بیان میں کہا گیا ہے کہ بغاو وگہ تک سے عیشانی موڑ تک چھوٹی و بڑی گاڑیوں کو دن دیہاڑے لوٹنا معمول بن چکا ہے جبکہ لیویز اور پولیس خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ عرصہ دراز سے قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی موجودگی میں جرائم پیشہ افراد پر قابو نہ پانے سے عوام میں شک و شکوک پیدا ہورہے ہیں، ڈاکوؤں کی جانب سے نقدی اور قیمتی اشیاء چھیننے کی وجہ سے لوگ سفر کرنے سے ڈرتے ہیں دوسری جانب عوام کی جان و مال کے تحفظ پر مامور اہلکاروں کی کارکردگی بھی نہ ہونے کے برابر ہے ،اشتہاری ملزمان شراب کے نشے میں دھت ہوکر اسلحہ لیئے اہم شاہراوں پر قبضہ جما کر آسانی کیساتھ لوٹ مار کرکے راہ فرار اختیار کرلیتے ہیں جبکہ ان سے پوچھنے والا کوئی بھی نہیں ہے ،دریں اثنا سول سوسائٹی و ٹرانسپورٹرز نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سماج دشمن گروپوں کو مقامی لیویز، پولیس کی مکمل پشت پناہی و سہولت کاری حاصل ہے ورنہ ان کی کیا مجال کہ وہ لوٹ مار کرتے ،انہوں نے کہا کہ کھمزا باڈانی والی پہلے سے منظور قائم چوکی کو بحال وفعال کرکے کیو آر ایف اور پولیس کو ڈیوٹی پر لگایا جائے تاکہ مقامی لوگ آسانی کے ساتھ اپنے نجی کاموں وروزگار اور آمدورفت کو بلا خوف وخطر جاری وساری رکھ سکیں اور چوروں ڈاکوؤں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ،انہوں نے کہا کہ قیام امن پر توجہ نہ دی گئی تو عوام سڑکوں پر نکلنے کیلئے مجبور ہو نگے ،انہوں نے کہا کہ آج بغاو روڈ ونگہ تک پر مقامی ٹرانسپورٹرز کی جانب سے جائز مطالبات کے حق میں پر امن احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہیں۔

# زہریلی مکھیوں کی بھرمار نے متاثرین سیلاب کی مشکلات بڑھا دیں

مکھیوں کی بہتات کی وجہ سے نئے موذی امراض جنم لے رہے ہیں اور مصیبت زدہ لوگوں کی اکثریت ہسپتالوں کا رخ کرنے لگے ہیں جہاں پہلے ہی سہولیات ناپید ہیں

**سیلاب زدگان بے سروسامان پڑے ہیں ،اسپرے نہ ہوا تو صورتحال مزید سنگین ہوسکتی ہے ،حکومت فوری نوٹس لے ورنہ عوام نقل مکانی کرنے پر غور کرسکتے ہیں ،مشرق رپورٹ**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) حالیہ بارشوں کے بعد ضلع قلعہ عبداللہ سمیت صوبائی دارالحکومت اور ملحقہ علاقوں میں زہریلی مکھیوں کی بھرمار نے متاثرین سیلاب کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا مکھیوں کی بہتات کی وجہ سے نئے موذی امراض جنم لے رہے ہیں اور مصیبت زدہ لوگوں کی اکثریت ہسپتالوں کا رخ کرنے لگے ہیں جہاں علاج معالجہ کی سہولیات کا پہلے ہی فقدان ہے صورتحال سنگین ہوتی جارہی ہے ،حکومت نے نوٹس نہیں لیا تو عوام نقل مکانی پر کرنے پر غور کرسکتے ہیں ،مشرق رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں مون سون بارشوں کے بعد صوبے کی تاریخ میں پہلی بار زہریلی مکھیوں کی یلغار سے متاثرین سیلاب کا جینا دوبھر ہوگیا ،ضلع قلعہ عبداللہ اور صوبے میں دیگر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے عوام بے سروسامان پڑے ہوئے ہیں ایسے حالات میں ان مکھیوں کے کاٹنے سے جلدی امراض پیدا ہورہے ہیں ،زہریلی مکھی کے کاٹنے سے جسم میں الرجی پیدا ہوجاتی ہے ،جس کے انسان سکون نے نہیں بیٹھ سکتا ہے ،محکمہ صحت اور ملیریا کنٹرول پروگرام کی جانب سے ان مکھیوں کو تلف کرنے کیلئے اسپرے کا آغاز بھی نہیں کیا جارہا ہے ،جس کی وجہ سے بچوں اور بزرگ شہریوں کی نیند بھی غارت ہوچکی ہے ہر پورٹ کے مطابق بارشوں کے پانی کی نکاسی نہ ہونے کے باعث مچھروں کی افزائش نسل بھی تیزی سے ہورہی ہے ،جس کے سبب ملیریا پھیلنا لازمی امر بن گیا ہے کیونکہ گندا پانی مچھروں کی آماجگاہ کہلاتی ہے ،ایسے میونسپل اداروں نے بھی چپ کا روزہ رکھا ہوا ہے ،دریں اثنا مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے کہا کہ حکومت کو زہریلی مکھیوں اور مچھروں کے خاتمے کیلئے فوری طور پر صوبہ بھر میں فضائی اسپرے کرنا چاہیے تاکہ عوام بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں

# بولان قومی شاہراہ کی خستہ حالی ٹرانسپورٹرز کیلئے دردِ سر بن گئی

**معمولی سی بارش کے باعث شاہراہ بند ہونے سے گھنٹوں ٹریفک جام رہنے سے قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے**

انگریزوں کے دور حکمرانی میں بنائی جائے والی سڑکوں کی مرمت پر کوئی توجہ دینے کی زحمت ہی گوارہ نہیں کرتا

**حکومت سیلابی روڈس پر کراسنگ پل بنانے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے ،امجد خان منگروئی کی مشرق سے گفتگو**

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان حکومت بولان قومی شاہراہ پر خصوصی توجہ دے ،معمولی سی بارش باعث شاہراہ بند ہونے سے گھنٹوں ٹریفک جام رہنے سے قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے دوسری جانب مسافروں کو بھی شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ٹریفک حادثات سے جانی ومالی نقصانات کے واقعات بھی رونما ہوئے ہیں ،سیلابی روڈس پر کراسنگ پل بنائے جائیں ،ان خیالات کا اظہار بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز سمیت کچھی ٹرانسپورٹ کمپنی کے سربراہ میر امجد خان منگروئی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ،انہوں نے کہا کہ انگریزوں کے دور حکمرانی میں بنائی جائے والی سڑکوں کی مرمت پر کوئی توجہ دینے کی زحمت گوارہ نہیں کرتا ،انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹروں کی جانب سے متعدد بار بولان قومی شاہراہ کی خستہ حالی کے بارے میں متعلقہ محکمہ کو آگاہی دی گئی ہے لیکن اس کے باوجود بھی کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے ،امجد منگروئی نے کہا کہ حکومت سیلابی روڈس پر کراسنگ پل بنانے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے تاکہ مسافروں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 12

# ڈیرہ اللہ یار میں قلت آب اور سیلابی صورتحال محکمہ پی ایچ ای کے افسران اور عملہ غائب

واٹر چینل میں گرنے والی دیوار کا ملبہ ہٹانے اور فیزٹو کو پانی فراہمی کا کام محکمہ ریونیو کے افسران اور عملے کے ذمے لگا دیا گیا، عوام کا شدید غم و غصے کا اظہار

**ایمرجنسی نافذ ہونے کے باوجود افسران وعملہ خواب خوگوش میں مبتلا، کمشنر نصیرآباد اور سیکریٹری پبلک ہیلتھ معاملے کا فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے**

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں قلت آب اور سیلابی صورتحال کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ کے افسران اور عملہ منظر عام سے غائب، واٹر چینل میں گرنے والی دیوار کا ملبہ اور فیزٹو کو پانی فراہمی کے لئے بوسٹنگ کا عمل محکمہ ریونیو کے افسران کرنے لگے متعلقہ افسران اور عملہ اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی کی بجائے سنگین صورتحال کے باوجود خواب خرگوش میں مبتلا ہیں عوام نے پی ایچ ای حکام کی سنگین لاپرواہی پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کمشنر نصیرآباد اور سیکریٹری پبلک ہیلتھ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے ڈیرہ اللہ یار شہر میں گزشتہ 2 ماہ سے فیزٹو کے تالاب میں قلت آب اور مون سون بارشوں میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے ایمرجنسی نافذ ہونے کے باوجود جہاں دیگر محکموں کے ضلع افسران اور عملہ اپنی جائے تعیناتیوں پر موجود ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے الرٹ ہیں وہاں محکمہ پبلک ہیلتھ جعفرآباد کے افسران اور عملہ منظر نامے سے غائب ہیں جسکے باعث محکمہ پبلک ہیلتھ کے فرائض بھی نائب تحصیلدار اور پٹواری سرانجام دینے لگے ہیں گزشتہ 4 روز سے پبلک ہیلتھ کے واٹر چینل کے اندر مقامی آبادی کے اندر گھر کی دیوار کا ملبہ گر گیا تھا جسکے باعث واٹر چینل شدید متاثر ہونے سے سیوریج کا گدلا پانی واٹر چینل میں داخل ہوکر مین تالاب کے بعد پائپ لائنوں کے ذریعے گھروں تک پہنچنے لگا اور فیزٹو میں پانی کی شدید کی قلت پیدا ہوگئی تھی تمام تر صورتحال کے باوجود پبلک ہیلتھ کے افسران اور عملہ خواب خرگوش میں سوتے رہے اور کوئی اقدام نہیں اٹھایا تو ڈپٹی کمشنر رزاق خان مجگ نے حالات کی سنگینی کی نزاکت دیکھتے ہوئے محکمہ ریونیو کے افسران سے پبلک ہیلتھ کی ذمہ داریاں لیں جسکے بعد نائب تحصیلدار محمد ظریف گولہ نے ایکسی ویٹر مشین کے ذریعے محکمہ ریونیو کے پٹواریوں کو ساتھ لیکر پبلک ہیلتھ کے واٹر چینل سے دیوار کا ملبہ نکلوا کر واٹر چینل کی مرمت کروائی اور فیزٹو کو بوسٹنگ کرکے تالاب میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی سیلابی صورتحال کے باوجود پبلک ہیلتھ افسران اور عملے کی سنگین لاپرواہی پر شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کمشنر نصیرآباد فتح خان مجگ اور سیکریٹری پبلک ہیلتھ سے نوٹس لیکر متعلقہ افسران اور عملے کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

# سریاب روڈ پر قلت آب کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا، ٹینکر مافیا کی چاندی

کشمیر آباد، لوہڑ کاریز، موسیٰ کالونی، احمد خان زئی وملحقہ علاقوں میں پانی کی قلت، شدید گرمی میں شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

**صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹینکر مافیا نے بھی قیمت دگنا کردی، کوئی پوچھنے والا نہیں، اہل علاقہ کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے سریاب روڈ پر قلت آب کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا جس سے ٹینکر مافیا کی چاندنی ہوگئی اور وہ فی ٹینکر پانی کے من مانے پیسے وصول کرنے لگے، اہل علاقہ نے ایم ڈی واسا و دیگر حکام سے قلت آب کے مسئلے کا نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے سریاب روڈ پر کشمیر آباد، لوہڑ کاریز، موسیٰ کالونی، احمد خان زئی، بر ما ہوٹل، قمبرانی روڈ، بینک کالونی، کلی کشکوری، بشیر چوک، ارباب گیٹ، کلی انار باغ کالونی وملحقہ علاقوں میں قلت آب کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا، شدید گرمی میں شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹینکر مافیا کی چاندنی ہوگئی ہے اور وہ فی ٹینکر پانی کے 1500 سے 2000 روپے وصول کر رہے ہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ اہل علاقہ نے بتایا کہ شدید گرمی میں پانی عدم دستیاب ہے جس کی وجہ سے معمولات زندگی متاثر ہو رہے ہیں خصوصاً کپڑے دھونے اور دیگر گھریلو امور خانہ داری کی انجام دہی میں خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، دوسری جانب منتخب عوامی نمائندگان اتنے اہم مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دے رہے جو باعث تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت زندگی سے محروم بلوچستان کے عوام کیلئے مہنگائی کے دور میں دیگر اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگیا ہے، ایسی صورتحال میں غریب عوام پیاس سے بے حال ہوگئے ہیں جبکہ خواتین اور بچے پانی کے برتن اٹھائے در در بھٹک رہے ہیں مگر کوئی سننے والا نہیں ہے۔ انہوں نے ایم ڈی واسا و دیگر حکام سے اپیل کی قلت آب کا مسئلہ حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 13


# دالبندین؛ کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر بس اڈہ میں سہولتیں کا فقدان، مسافروں کو مشکلات

## سائبان، سڑکیں، پبلک ٹوائلٹس، واٹر ٹینک، اسٹریٹ لائٹس سمیت کوئی سہولت فراہم نہیں کی گئی

**ٹھیکیدار نے صرف بڑی چار دیواری اور چند چھوٹے کمرے بنا کر دیگر سہولیات کی فراہمی سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے، رپورٹ**

دالبندین (نامہ نگار) ڈھائی سال قبل کروڑوں کی لاگت سے تعمیر ہونے والی دالبندین بس اڈے میں بنیادی سہولیات کا فقدان مسافر اور عام لوگ مشکلات سے دوچار۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت کی جانب سے ڈھائی سال قبل دالبندین میں سرکاری بس

بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

اڈہ تعمیر کیا گیا جس پر کروڑوں کی خطیر رقم خرچ کی گئی طویل عرصہ گزرنے کے باوجود بس اڈے میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے جن میں سائبان سڑکیں پبلک لیٹرین واٹر ٹینک اسٹریٹ لائٹس اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہے جن کا نام و نشان تک نہیں مسافر حضرات بالخصوص خواتین بچے بوڑھے شدید گرمی میں دھوپ میں بیٹھ کر اپنی سواری کے انتظار میں رہتے ہیں حکام بالا اور مذکورہ ٹھیکیدار نے صرف بڑی چار دیواری اور چند چھوٹے چھوٹے کمرے بنا کر دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی سے کنارہ کشی اختیار کر لی جو کہ سمجھ سے بالاتر ہے آخر صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ کروڑوں روپے کہاں اور کس مد میں خرچ ہوئے اڈے میں بنیادی سہولیات کی کمی سے مسافروں کے علاوہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے ڈرائیوروں سمیت دیگر عملے کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے دالبندین بس اڈہ پورے صوبے کا واحد بس اڈہ ہے جہاں پر مسافروں کے بیٹھنے کیلئے سائے کی سہولت میسر نہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ دالبندین بس اڈے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹھوس اقدامات کر دیے جائیں تاکہ مسافروں اور عام شہریوں کو شدید گرمی میں مسائل اور مشکلات سے نجات مل سکے۔

# ضلع چاغی کے بیروزگار نوجوانوں کا یکم اگست سے کوئٹہ تک پیدل مارچ کا اعلان

## محکمہ بی اینڈ آر، محکمہ تعلیم کے نان ٹیچنگ اسٹاف اور پرنس فہد بن سلطان ہسپتال دالبندین کی اسامیوں کے آرڈرز نہ ہونے پر تشویش ہے

**اکتیس جولائی تک آرڈرز کا اجراء نہیں کیا تو کوئٹہ میں صوبائی حکومت کیخلاف سخت احتجاج کرینگے، مقررین**

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی کے بیروزگار اور تعلیم یافتہ نوجوانوں نے محکمہ بی اینڈ آر محکمہ تعلیم کے نان ٹیچنگ اسٹاف اور پرنس فہد بن سلطان ہسپتال دالبندین کی خالی اسامیوں پر ٹیسٹ و انٹرویو مکمل ہونے کے بعد عرصہ دراز سے آرڈرز میں تاخیر کے خلاف شدید

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اگر صوبائی حکومت نے 31 جولائی تک متعلقہ محکموں کی خالی اسامیوں پر آرڈرز نہیں کیے تو چاغی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں بیروزگار نوجوانوں نے صوبائی حکومت کے خلاف دمادم مست قلندر کا اعلان کرتے ہوئے یکم اگست سے دالبندین تا کوئٹہ پیدل لانگ مارچ کا اعلان کر دیا ہے اس لئے بیروزگار نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے حق و حقوق کے لیے مذکورہ احتجاجی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور لانگ مارچ میں بھرپور انداز میں حصہ لے کیونکہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے ان محکموں میں ٹیسٹ و انٹرویو ہوا مگر آرڈرز سیاسی کھینچا تانی کی نذر ہو چکی ہیں اور متاثرہ نوجوان نہ صرف اوور ایج ہو گئے ہیں بلکہ ذہنی مریض بن گئے ہیں اس لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو متعلقہ محکموں کی خالی آسامیوں پر آرڈرز کی تاخیر کا نوٹس لے کر فی الفور آرڈرز کا اجراء کر دیں بصورت دیگر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں دمادم مست قلندر ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 14


## ریکوڈک ذخائر: امید افزاء پیش رفت

بلوچستان میں موجود سونے اور تانبے کے وسیع ریکوڈک ذخائر بلوچ عوام اور پوری پاکستانی قوم کیلئے بلاشبہ قدرت کا انمول عطیہ ہیں۔ کینیڈا کی مائننگ فرم بیرک گولڈ کارپوریشن کے ساتھ ہونے والا معاہدہ 2013 میں ایک عدالتی فیصلے کے نتیجے میں منسوخ نہ ہوا ہوتا تو یہ ذخائر آج ملک کی تعمیر وترقی میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہوتے۔ عالمی عدالت نے پاکستانی عدلیہ کے اس فیصلے کے خلاف فرم کی درخواست منظور کر کے چھ ارب ڈالر کا جرمانہ عائد کیا تھا لیکن معاملات کو عدالت سے باہر طے کرنے کی استدعا کی منظوری کے بعد یہ معاملہ فرم اور پاکستانی حکام باہمی افہام وتفہیم سے حل کر رہے ہیں۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں وزیر خزانہ مفتاح اسمٰعیل اور بیرک گولڈ کارپوریشن کے صدر اور چیف ایگزیکٹو افسر مارک بیرسٹو کی ملاقات نتیجہ خیز رہی جس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مارک بیرسٹو نے واضح کیا کہ معاہدے کی پائیداری کے لیے ضروری ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان اس معاہدے کا جائزہ لے اور پارلیمنٹ قانون سازی کے ذریعے اس کی توثیق کرے۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی تائید و توثیق میں حکومت تبدیل ہونے کے باعث تاخیر ہوئی تاہم تمام اسٹیک ہولڈرز اس معاہدے کو آگے بڑھانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ مارک بیرسٹو کے بقول ورلڈ بینک کا تجارتی ونگ انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن بیرک گولڈ کارپوریشن کے ساتھ اس جوائنٹ وینچر میں شراکت دار ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ اس مشترکہ منصوبے پر کام کے لیے تقریباً 4 ارب ڈالر کا انتظام کیا جائے گا اور تقریباً 2 ارب ڈالر کنسورشیم کے شراکت داروں، خاص طور پر آئی ایف سی اور دیگر عالمی درآمدی و برآمدی اداروں سے آلات، پلانٹس اور مہارت کی فراہمی کے لیے آنے کی توقع ہے۔ ریکوڈک پر اس پیش رفت کو وزیر خزانہ نے بھی نہایت خوش آئند قرار دیا ہے لہٰذا اس کی بحالی کے تمام تقاضے جلد از جلد پورے کیے جانے چاہئیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 20 JUL 2022 Page No. 15


## بلوچستان میں مسائل، حکومت وسیاسی جماعتوں کی ذمہ داری

بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشوں نے تباہی مچاہی جس سے بہت زیادہ جانی ومالی نقصانات ہوئے جس کے تدارک کے لیے پیشگی اقدامات انتہائی ضروری تھے اوراس کے لیے حکومت کو پہلے سے منصوبہ بندی سمیت متعلقہ محکمے کوالرٹ کرکے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام تر وسائل مہیا کرنے چاہئے تھے تاکہ بلوچستان کے غریب عوام کو جانی ومالی نقصانات سے بچایا جاسکتا لیکن حسب روایت ہمارے یہاں نقصانات کے بعد ہی اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ یہ یقیناً ایک قدرتی آفت ہے مگر پیشگی محکمہ موسمیات کی جانب سے اطلاعات فراہم کی جاتی ہیں کہ بارش کی اسپیل آرہی ہے اوراس کا دباؤ کتنا اثرانداز ہوگا اسی کے مطابق حکمت عملی اپنانی چاہئے جب ہوگا تب دیکھا جائے گا کا معاملہ بڑا سنگین ہوجاتا ہے جو ماضی میں بھی ہمارے سامنے ہے اس لیے ضروری ہے کہ اس طرح کے آفات سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنا انتہائی ضروری ہے۔ بہرحال بلوچستان میں بارشوں سے جہاں نقصانات ہوئے ہیں وہیں پر ایک فائدہ زراعت کے حوالے سے بھی ہوا ہے جہاں خشک سالی نے بیشتر اضلاع کو متاثر کرکے رکھ دیا تھا اور بارش نہ ہونے کی وجہ سے بہت سارے زمینداروں کی زمینیں بنجر ہوکر رہ گئی تھیں اب ان کے لیے کاشت کاری کے حوالے سے فائدہ ہوگا کیونکہ بلوچستان کے بیشتر لوگوں کا معاش زراعت سے وابستہ ہے، پانی ہوگا تو زراعت کا شعبہ ترقی کرے گا دیگر سہولیات جو زمینداروں کو مہیا کرنا ہے وہ حکومت اور محکمے کی ذمہ داری ہے کہ کس طرح سے انہیں ریلیف فراہم کرتے ہوئے زراعت کے شعبہ کو ترقی دینے کے ساتھ زمینداروں کے مسائل حل کیے جائیں گے۔ دوسرا بلوچستان کا مسئلہ ڈیمز کا بھی ہے ڈیمز کم ہونے اور پانی ذخیرہ نہ ہونے کی وجہ سے پانی کا بڑا حصہ ضائع ہوجاتا ہے اگر بارشوں کے پانی کو ذخیرہ کیا جائے اور مزید ڈیمز تعمیر کئے جائیں تو بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں بہت بڑا انقلابی ترقی آئے گا جبکہ ساتھ ہی بلوچستان میں جو پانی کا بحران موجود ہے جس کی وجہ سے زیرزمین پانی کی سطح گرتی جارہی ہے اورایک الارمنگ جیسی صورتحال ہے اس میں بھی بہتری آئے گی ضروری ہے کہ پورتوجہ ڈیمز پر دی جائے اور بروقت ان کی تکمیل کو یقینی بنائی جائے کیونکہ اس سے قبل بھی ڈیمز کی تعمیر کے منصوبے تشکیل دیئے گئے تھے مگر اب تک وہ نامکمل ہیں بلکہ بعض کا تذکرہ تک نہیں ہوتا ہے لہٰذا اس تمام تر صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سیاسی جماعتوں کو اپنی پالیسی بنانی ہوگی کہ کل اگر وہ حکومت میں آئینگے تو اس اہم مسئلے پر اپنی توانائی صرف کرتے ہوئے بلوچستان کو زرخیز کرینگے۔ بلوچستان ہر لحاظ سے معاشی حوالے سے ایک اہم خطہ ہے مگر افسوس کہ ناقص منصوبہ بندی اور عدم توجہی کی وجہ سے بلوچستان دیگر صوبوں کی نسبت بہت پیچھے رہ گیا ہے اوراب بھی صورتحال کوئی خاص بہتر نہیں ہے۔ موجودہ حکومت کو ابھی سے منصوبہ بندی کرنی چاہئے جتنا وقت اس وقت موجودہ حکومت کے پاس ہے وہ بلوچستان میں معیشت کی بہتری کے لیے مستقبل کے حوالے سے منصوبہ بندی کرتے ہوئے حکمت عملی اپنائے تو یقیناً آگے چل کر نتائج مثبت آئینگے جس کے لیے وفاقی حکومت سے بھی رجوع کیا جائے اور اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کے لیے مطالبات سامنے رکھیں کیونکہ دیگر صوبوں میں جس تیزی کے ساتھ مختلف شعبوں میں ترقی دیکھی جارہی ہے اس انداز میں بلوچستان میں کچھ بھی نہیں ہورہا ہے یہ سوچنا بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ انہیں مستقبل کا بلوچستان کیسا دیکھنا ہے۔ امید ہے کہ سیاسی جماعتیں ان مسائل کو ایڈریس کرتے ہوئے مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرینگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 17

# Revisiting mining policy

Balochistan is rich in mineral resources, as it has natural gas, copper, gold and many other minerals. It has plenty of natural gas which has already played a dynamic role in strengthening the economy of the country since 1950s. Sadly, despite having numerous resources, Balochistan is most underdeveloped province of Pakistan, where more than half of its population is living below poverty line and unemployment rate is very high. If government focus in development of mining sector it has great potential to address the poverty and unemployment of the province. Moreover, most resources are in areas with poor transport links, increasing the transportation costs. Balochistan itself has poor infrastructure and a low population density. Sadly, many foreign mining companies are still reluctant to conduct operations in Balochistan due to different reasons including that of law and order. Unfortunately, Pakistan lacks the monetary resources for large-scale ventures, which are eventually funded by foreign investors, and there are only a few technical institutions producing a small percentage of professionals with the required theoretical and practical knowledge of geology, computerised mining operations, and specialised machinery. Therefore, due to lack of resources and technical expertise in the country, the Saindak Copper and Gold Project is being exploited by China for more than two decades, and the country in general and Balochistan in particular is not tapping from this million dollar project. Similarly, the Reko Diq which is a copper and gold mine in Chagai district of Balochistan with a value up to $500 billion also wrongly managed in past that has great potential to make the country financially sound if exploited with sincerity. Despite being the epicenter of Pakistan China Economic Corridor (CPEC), the provincial government is paying meager focus to impart technical training its youth so as in coming days the projects would be running under the banner of CPEC can be managed by local youth. Undoubtedly having effective and well-planned initiatives for the mining sector will not only expand the mineral industry, but will also provide incentives to local and foreign investors alongside the promotion of tourism in the province. However, the associated shortcomings must be tackled effectively to ensure progress and the government must expedite its efforts to produce technically skilled youth. Focusing and making investment on the mining sector through having skilled manpower will go a long way in reducing poverty, backwardness and unemployment from Balochistan. The province as well as federal government ought to take this sector seriously to steer out country from economic and financial crisis.

# نئے دور میں تہذیب کے سنگم پر بلوچستان کی ترقی

تحریر:۔ کامران کے آر

پاکستان کے سب سے بڑے اور کم آبادی والے صوبے کے طور پر بلوچستان قدرتی وسائل سے مالامال ہے۔ اگرچہ پہاڑی خطوں اور قلیل آبی وسائل سے محدود ہونے کے باوجود، پاکستان وسطی، جنوب مغربی اور جنوبی ایشیا کے درمیان سرحد پر واقع ہونے کی وجہ سے اسٹریٹجک طور پر واقع ہے۔ زراعت کے لحاظ سے، بلوچستان زرعی مزدوروں کے وسائل سے مالامال ہے، جو صوبے کی زرعی آبادی کا 67فیصد ہے۔ زرعی اراضی کا رقبہ 72,000 ایکڑ پر محیط ہے اور میرانی ڈیم 50,000 ایکڑ اراضی کو سیراب کر سکتا ہے۔ اہم زرعی فصلیں گندم، چاول، مکئی، جوار وغیرہ ہیں۔ یہ مختلف پھلوں سے بھی بھر پور ہے، جسے پاکستان کی فروٹ ٹوکری کہا جاتا ہے۔ ان میں سے 94فیصد خوبانی، 72 فیصد انار، 89فیصد انگور اور 53فیصد بیر بلوچستان میں پیدا ہوتے ہیں۔ صرف کھجور کی 130 سے زائد اقسام ہیں۔ کان کنی کے لحاظ سے بلوچستان میں معدنی وسائل کی ایک بڑی تعداد موجود ہے جن میں سونا، تانبا، زنک، لوہا، المونیم اور کوئلہ، سلفر اور جپسم کے علاوہ جید اور ماربل بھی شامل ہیں۔ اس میں کان کنی اور معدنی پروسیسنگ کی صنعت کی ترقی کے لیے اچھے قدرتی حالات ہیں۔ توانائی اور سیاحت کے لحاظ سے بلوچستان صاف توانائی جیسے شمسی توانائی، ہوا کی توانائی اور جیو تھرمل توانائی سے مالامال ہے، اور نئی توانائی سے بجلی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تیل اور گیس کے ثابت شدہ ذخائر بھی قدرتی طور پر موجود ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے صوبے میں پہاڑ، سمندر، صحرا، جنگلات اور دیگر مناظر موجود ہیں۔ شمالی برف کے پہاڑوں میں، نایاب نسلیں ہیں جیسے کہ مڑے سینگ والی بکری، جہاں آپ منفرد کھانوں اور مقامی رسم و رواج کو محسوس کر سکتے ہیں۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ انسانی ترقی اور تہذیب کی کہانی میں بلوچستان ایشیا اور دنیا میں ایک اہم اور منفرد مقام رکھتا ہے۔ بلوچوں کو ابتدائی انسانوں کی موجودگی اور اپنی بقا کی جدوجہد پر بجا طور پر فخر ہو سکتا ہے۔ تاہم، نئے دور میں تہذیب کی ترقی کے سنگم پر ہم کھو گئے ہیں ... آج معاشی حجم کے لحاظ سے بلوچستان کا پاکستان کی کل معیشت کا صرف 3.5 فیصد حصہ ہے۔ جب پاکستان کی معیشت 84فیصد کی شرح سے ترقی کر رہی تھی تو بلوچستان کی معیشت 2فیصد کی شرح سے ترقی کر رہی تھی۔ اور ہماری فی کس آمدنی پاکستان کی فی کس آمدنی کا صرف 3/2 ہے۔ بلوچستان اس وقت صوبہ خیبر پختونخواہ کے ساتھ پاکستان کے غریب ترین خطوں میں سے ایک ہے، جہاں چند صنعتیں، ناقص انفراسٹرکچر اور کم فی کس آمدنی ہے۔ اس کے علاوہ، بلوچستان کی سماجی ترقی کی سطح نسبتاً کم ہے، جس میں 10 میں سے 9 شعبے بشمول تعلیم، صحت اور صحت کی درجہ بندی ملک میں سب سے کم ہے۔ ان میں پرائمری تعلیم کے اندراج کی شرح 40فیصد سے زیادہ نہیں ہے۔ لیبر کی پیداواری صلاحیت پنجاب کے ایک چوتھائی سے بھی کم اور سندھ کی صرف ایک تہائی ہے، اور لیبر کا معیار دیگر صوبوں سے کم ہے۔ مشکلات میں اضافہ کی ایک اور وجہ، دہشتگردی کی لہر جس نے بہت سے سرمایہ کاروں اور دوست لوگوں کو روک دیا ہے۔ اعداد و شمار اور کے اس حیران کن نتائج کے سامنے یہ دوبارہ سوچنے کا وقت ہو سکتا ہے۔ وبا کے بعد بلوچستان کو اپنی ترقی کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے۔ وقت کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے محنتی اور بہادر بلوچوں کو ترقی کی طرف زیادہ کھلا اور جامع ہونا پڑے گا۔ میں نے ہمیشہ اس بات پر یقین کیا ہے کہ ہمارے پاس بلوچستان کو تیز رفتار ترقی کی دینے کا موقع اور صلاحیت ہے۔ مجھے امید ہے کہ مستقبل قریب میں تیز رفتار گاڑیاں بلوچستان کی سڑکوں سے گزریں گی۔ مجھے امید ہے کہ گوادر تجارت اور بحری جہازوں میں مصروف ہے۔ مجھے امید ہے کہ ہر خاندان چین سے معیاری اور سستا سامان خرید سکتا ہے۔

# ”بلوچستان حالیہ سیلاب! پاک فوج اور ایف سی کی خدمات“


افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaqnuhza@gmail.com

facebook.com/naseemulhaqzahidi




اس وقت وطن عزیز میں بارشوں اور سیلاب نے تباہی مچا رکھی ہے جس میں سب سے زیادہ صوبہ بلوچستان متاثر ہوا ہے جہاں سینکڑوں مکانات منہدم، رابطہ سڑکیں اور پل بہہ گئے ہیں خانہ بدوشوں کی جھونپڑیاں اور مویشی بھی سیلابی ریلے کی نذر ہو چکے ہیں کئی لوگ جان کی بازی ہار چکے ہیں کوئٹہ، چمن، لورالائی، قلعہ سیف اللہ، سوئی، ڈیرہ بگٹی، مچھ، لسبیلہ، بی، ہرنائی، دکی، کوہلو، بارکھان اور ژوب کے علاقے سیلابی ریلوں اور بارشوں سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ ایسی نازک صورتحال میں صوبائی حکومت کے ساتھ ہمیشہ کی طرح مدد کے لیے پاک فوج اور ایف سی صوبے کے مختلف علاقوں میں شدید طوفانی بارشوں کے باعث ہونے والے نقصانات سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر ریسکیو اور بحالی کے آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں امدادی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقلی کا سلسلہ جاری ہے دور دراز کے علاقوں میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ بیمار افراد کے لیے پاک فوج کی طرف سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا ہے ان میڈیکل کیمپس میں متاثرہ افراد کے لیے علاج ومعالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ متاثرین کو صحت سے متعلق سہولیات بہم مل سکیں عوام کی مشکلات کے ازالے کے لیے پاک فوج اور ایف سی بلوچستان، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کی بھرپور معاونت کر رہی ہے سیلابی ریلوں سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ بھی لگایا جا رہا ہے تاکہ امدادی کاروائیوں میں تیزی لائی جا سکے پاک فوج اور ایف سی کی جانب سے متاثرین میں پکا ہوا کھانا اور ٹینٹس فراہم کیے جا رہے ہیں علاوہ ازیں سوگوار خاندانوں میں مالی امداد اور متاثرہ خاندانوں کو مقامی روایات کے مطابق راشن اور ضروری مالی امداد بھی دی جا رہی ہے۔ ایف سی بلوچستان نارتھ کی جانب سے قمر دین کاریز اور آس پاس کے دیہی علاقوں کی سہولت کے لیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا بھی انعقاد کیا جہاں ماہر ڈاکٹرز نے تقریباً 200 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا جن میں 40 مرد اور بچوں سمیت 145 خواتین شامل تھیں تمام مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں اس میڈیکل کیمپ کا مقصد صحت کی سہولیات سے دور رہنے والی دیہی آبادی کو مفت ادویات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مفت طبی مشورے، علاج، تشخیص کی سہولت فراہم کرنا تھا گائنی کے مریضوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ سب سے زیادہ متاثر کن واقعہ کوئٹہ کے علاقے کینٹ میں پیش آیا جس نے افواج پاک سے محبت کے جذبے کو اور زیادہ تقویت دی، ایک فوجی جوان نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر بارش میں بجلی کے کھمبے سے چپکے ایک شخص کی جان بچائی زبردست، کتنے مقدس اور محترم ومکرم ہیں یہ لوگ جو اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دوسروں کی جانوں کو بچانا اپنا فرض اول سمجھتے ہیں۔ اللہ رب العزت قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے کہ جس شخص نے کسی ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا ژوب میں حالیہ ہیضے کی وباء سے بچاؤ کے لیے سول ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور ایف سی [illegible] نارتھ کی جانب سے متاثرہ مریضوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ایک روزہ فری میڈیکل کا انعقاد کیا گیا جس میں ماہر ڈاکٹرز نے تقریباً 89 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا جن میں مرد خواتین سمیت 100 سے زائد مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں اس کیمپ میں بچوں اور خواتین کو ہنگامی بنیادوں پر طبی امداد فراہم کی گئیں ہیں۔ ایف سی بلوچستان نارتھ کی جانب سے ایس او ایس چلڈرن ویلج کوئٹہ میں ایک روزہ مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ماہر امراض ڈاکٹرز میڈیکل سپیشلسٹ ای این ٹی اور Dentist شامل تھے نے مریضوں کا معائنہ کیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئی ایس او ایس چلڈرن ویلج ایک فلاحی ادارہ ہے جو کہ یتیم اور بے سہارا بچوں کی مفت کفالت اور کرتا ہے اور انہیں مفت تعلیم کے ساتھ ساتھ رہن سہن کی مفت سہولیات بھی فراہم کرتا ہے ایف سی ہسپتال ایس او ایس چلڈرن ویلج کوئٹہ کے تمام بچوں اور سٹاف کو پہلے ہی سے علاج ومعالجہ کی مفت سہولیات فراہم کر رہا ہے 150 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات دی گئیں اور اب یہ مفت طبی کیمپ سہ ماہی بنیادوں پر تسلسل سے قائم کیا جائے گا جس میں تمام بچوں، کیئر ٹیکر مدرز سمیت تمام سٹاف کی میڈیکل سکیننگ کی جائے گی۔ محتاجوں، غریبوں، یتیموں اور ضرورت مندوں کی مدد ومعاونت، حاجت روائی اور دلجوئی کرنا دین اسلام کا بنیادی درس ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو یکساں صلاحیتوں اور اوصاف سے نہیں [illegible] بلکہ ان کے درمیان فرق وتفاوت رکھا ہے [illegible] فرق وتفاوت اس کائنات کے رنگ و بو کا حسن و جمال ہے [illegible] مسلم شریف کی ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ اللہ رب العزت کو وہ شخص زیادہ محبوب ہے جو اس کی مخلوق بندوں کے لیے زیادہ مفید ہو، اعمال میں اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ وہ ہیں جن میں مسلمانوں کو خوشیاں ملیں یا انکی تکالیف دور ہوں یا ان سے قرض کی ادائیگی ہو یا ان سے بھوکوں کی بھوک دور ہو۔ ایک اور حدیث کے مطابق رسول کریمؐ کا فرمان مقدس ہے کہ بہترین صدقہ کسی بیمار اور بھوکے کو کھانا کھلانا ہے۔ یقین جانیے یہ اللہ کے سپاہی یہ افواج پاک اور ایف سی کے جوان بڑی ہی عزت مرتبہ ومقام والے ہیں جو خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے بڑھ چڑھ کر انسانیت کی خدمت کرتے ہیں، ملک وقوم کی حفاظت کرتے ہیں بیک وقت اندرونی وبیرونی خطرات سے نبرد آزما ہوتے ہیں یہ لوگ اتنی حرمت والے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں انکے گھوڑوں کے سموں کی قسم اٹھاتا ہے۔ حقیقت تو یہی ہے کہ اس وقت صوبہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے سے لیکر امن وامان کے قیام اور خدمت انسانیت تک ہر کام میں پاک فوج اور ایف سی کے جوانوں کا ایک اہم اور مثالی کردار ہے۔ بہت سے احباب کا یہ کہنا ہے کہ میں اپنی افواج کے بارے میں اتنا کیوں لکھتا ہوں تو بات بالکل واضح ہے سیلاب ہوں تو مدد کے لیے فوج، زلزلہ ہو تو مدد کے لیے فوج، ملک خطرے میں تو محافظ فوج، کرونا وباء ہو تو فرنٹ پر فوج، الیکشن میں بدامنی کا ڈر ہو تو فوج اس لیے ملک وقوم کے محافظوں کے ساتھ محبت کرنا حکم الٰہی بھی ہے اور فرمان مصطفیٰؐ بھی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 JUL 2022 Page No. 23



CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 6

Dated: 19 JUL 2022 Page No. 24

# Balochistan plagued by stomach ailments

## Spokesperson says around 3,000 people are affected by cholera, gastroenteritis and diarrhoea

SYED ALI SHAH
QUETTA




PHOTO: EXPRESS

Endemic diseases like cholera, gastro-enteritis and diarrhoea affected around 3,000 people over the last week, as the Balochistan government announced emergency in all the 16 districts hit by the ailments on Monday.

Spokesperson Farah Azeem Shah confirmed to *The Express Tribune*, Zhob was worst affected district, where 2,200 cases of cholera have been detected. She added that Barkhan, Kohlu, Wadh Khuzdar had also been hit hard by cholera and diarrhoea.

"These diseases have affected 16 districts of Balochistan", Shah told *The Express Tribune*. "Emergency has been declared in all government-run hospitals to provide timely medical treatment to the patients," she added.

The district health officer (DHO) Zhob said that the main hospital in the district was packed with cholera patients. When asked about the death toll from the disease in the district, he said nine people, including three children, had died.

Meanwhile, Balochistan Health Secretary Saleh Muhammad Nasar visited the district headquarters hospital Zhob. He directed the DHO and medical superintendent of the hospital to install UPS in the hospital to address the issue of power outages.

> The Balochistan Health Secretary ordered UPS installation at Zhob hospital to address the issue of power outages

Talking to *The Express Tribune*, the health secretary stressed the need for cleanliness. "Sewerage water mixed with water supply in Zhob," Nasar said. "The government is trying to create awareness among the people to clean their water tanks."

The outbreak of cholera had already claimed precious human lives in Balochistan's Dera Bugti district. Dr Asghar Marri, the medical superintendent of the government hospital in Kohlu, complained of a lack of medicines.

Shah, the government spokesperson, said that the government had dispatched special teams and medicines to the cholera-stricken districts. "The Balochistan chief minister has taken serious notice of the situation", she added.

# Death toll from rain, floods rises to 75

## Body of a man who drowned in a dam was recovered after 48 hours


OUR CORRESPONDENT
QUETTA


Rescue workers on Monday retrieved the dead body of a person who had drowned in a dam after 48 hours in Pishin district.

The death toll in the floods and rain-related incidents in Balochistan rose to 75 after the recovery of the dead body, the director general of the Provincial Disaster Management Authority (PDMA) told *The Express Tribune*.

"75 people died during the last 10 days," Nasar said.

Most of the deaths were reported from Quetta, Bolan, Pishin, Zhob, Loralai and other parts of the province.

The victim was identified as Mirza Khan who had drowned in the dam fully inundated with rainwater two days ago.

"Quick Response Force (QRF) of Levies retrieved the body from the dam," Muhammad Ali Durrani, the assistant commissioner of Karezat Pishin told *The Express Tribune*.

Rescue workers and technical staff from the PDMA spent two days to fish out the corpse.

Scores of people from the area had gathered at the dam to witness the rescue operation.

"We have handed over the dead body of the victim to the heirs," Durrani said.

### More rains pummel Balochistan

More torrential rains in different parts of Balochistan triggered fresh flash floods in several areas, sweeping away bridges and delay-and-check dams in the affected areas, a provincial government spokesperson said on Monday.

During the current wet spell of monsoon season, heavy rains have been pummelling the province since the first week of this month. Several dozen people had died in rain-related incidents, including roof and house collapses.

Farah Azeem Shah, the Balochistan government spokesperson, said that Balochistan Chief Minister Mir Quddus Bizenjo has ordered an inquiry into the breach of dams after the torrential rains.

# Dera Bugti attack kills 2, injures 3

QUETTA: Armed men opened fire and killed two people and injured another three in Balochistan's Dera Bugti district on Monday evening. Levies sources said the incident happened in the Phelawagh tehsil of the district. The armed men opened fire at a vehicle and killed two people and injured another three. The attackers fled away from the spot. Levies reached the spot and started an investigation into the incident. The reason behind the attack could not be immediately ascertained, Levies said. OUR CORRESPONDENT

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 6

Dated: 17 JUL 2022 Page No. 27


# Cholera cases continue to multiply


SYED ALI SHAH


QUETTA

The number of cholera patients rose to 2,000 in Zhob district of Balochistan on Saturday as there is no end in sight to the waterborne disease across the province despite all the claims of government.

"Over 200 serious patients are still admitted to District Headquarters Hospital", District Health Officer (DHO) Zhob Syed Muzaffar Shah told *The Express Tribune*.

Cholera outbreak has hit people living in Ganj Muhala, Kharotabad and Sheikhan Muhala. So far cholera has claimed three lives in the district. Two children and a woman have died of the disease, Dr Muzaffar Shah said..

An emwrgency has also been declared in the DHQ hospital to provide timely treatment to patients.

"We have dispatched medicines to Zhob and other affected areas to deal with the situation", Saleh Muhammad Nasar, the Secretary Health Balochistan said.

## Khuzdar outbreak

Cholera outbreak has also claimed three lives in Wadh Tehsil of Khuzdar district. Over 100 patients were admitted to Wadh hospital after the outbreak, Dr Asad Jan Mengal, the Medical Superintendent of Wadh hospital said.

He said that most of the patients are women and children.

Secretary Health Saleh Muhammad Nasar revealed that major reason behind the outbreak of cholera and diarrhea was recent flash floods as clean drinking water was not available.

"In Zhob, sewerage water has mixed with leaking water supply pipes after heavy rainfall," the secretary said, adding that most of the patients were suffering from diarrhoea not cholera.

"Today I am leaving for Zhob to assess the situation," Nasar informed. Cholera outbreak has already claimed precious human lives in Barkhan, Dera Bugti and Kohlu districts of Balochistan.

Health officials in Zhob, Kohlu and Wadh have complained about the lack of medicines.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 6 Dated: 19 JUL 2022 Page No. 28


# Six swept away in Panjgur flash flood

By Behram Baloch and Saleem Shahid

GWADAR / QUETTA: At least six people, including two children, were swept away by flash flood caused by heavy monsoon rains with thunderstorm in Panjgur district of Makran division on Monday.

Two power pylons fell due to heavy rain and thunderstorm, plunging the district into darkness.

Hundreds of mud houses were washed away, families homeless as vast area of the district was affected by flash flood after seasonal streams overflowed.

"Entire human settlement of Marriand was completely submerged as floodwater entered the area after streams overflowed. Many areas of Panjgur district were cut off with district headquarter as link roads washed away by the flood and hundreds of people were stranded in different villages.

"Six people were swept away by flash flood and so far two bodies were recovered while four others were still missing," Panjgur Deputy Commissioner Abdul Razaq Sasoli told *Dawn*, adding that massive destruction was reported in the district.

He said hundreds of mud houses were damaged in the heavy rains while the situation is worsening as heavy rains continued.

"We are making efforts to rescue the people stuck in different localities," Mr Sasoli said.

"Tents available with the administration have been set up in the district complex where rain-affected families were shifted. They are being provided relief goods, including food, drinking water and blankets," he said.

The district plunged into darkness after two pylons supporting the 132kv Turbat-Hoshab high tension transmission line fell due to heavy rain and thunderstorm.

According to Quetta Electric Supply Company (Qesco) spokesperson, power supply to Hoshab and Panjgur grid stations was suspended due to the incident.

The spokesperson added that Qesco had started the repair work in Hirronk area on an emergency basis to restore the power supply. He added that the transmission line was being operated on a temporary basis during the repair work. The supply to both grid stations would be restored by Tuesday evening, he added.

# Levies official martyred in Kalat attack

QUETTA: A senior Levies official was martyred and another injured in an attack by unidentified armed men in the Mangochar area of Kalat district.

Officials said Resaldar Mohammad Hamza along with other personnel was on patrolling duty in the Johan crossing area of Mangochar late on Sunday night when armed men riding a motorcycle opened fire on their official vehicle.

As a result, Hamza and the other soldier received serious injuries. Hamza died before reaching Civil Hospital in Quetta. The banned BLA has claimed responsibility for the attack.—Saleem Shahid

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 20 JUL 2022 Page No.________



مشیر داخلہ میر ضیا لانگو پی ڈی ایم اے ویئر ہاؤس دورہ کے موقع پر امدادی اشیاء کا جائزہ لے رہے ہیں



صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کلی شیخان میں خان آغا کے بیٹے فیض محمد کی شہادت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر صحت احسان شاہ کو میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے